سوال

(150) مسح کرکے موزے اتارنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

جب انسان موزوں پر مسح کرے، پھر انہیں اتار دے اور جراب پر مسح کرلے، توکیا اس کا مسح کرنا صحیح ہوگا؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اہل علم کے ہاں یہ بات معروف ہے کہ جب انسان اوپر یا نیچے کے ایک موزے پر مسح کرے تو حکم اسی کے ساتھ متعلق ہوگا، دوسرے کی طرف منتقل نہیں ہوگا اور بعض اہل علم کی رائے یہ ہے کہ ایک موزے سے دوسرے کی طرف حکم منتقل ہوجائے گا جب کہ مسح نیچے والے پر کیا گیا ہو اور مدت باقی ہو اور یہی قول راجح ہے۔ لہٰذا اگر اس نے وضو کیا، جرابوں پر مسح کیا اور ان کے اوپر اور جرابیں پہن لیں یا موزے پہن لیے اور اوپر والوں پر مسح کرلیا تو راجح قول کے مطابق اس میں کوئی حرج نہیں، بشرطیکہ مدت باقی ہو اور مدت پہلے مسح سے شمار کی جائے گی، دوسرے مسح سے نہیں۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

[فتاویٰ ارکان اسلام]

عقائد کے مسائل: صفحہ 212

[محدث فتویٰ]